سولھواں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

بروز بدھ 27 جنوری 2010

## فہرست غیر نشان زدہ سوالات اور جوابات

بابت

# محکمہ جات

# سکولز ایجوکیشن اور ہائر ایجوکیشن

## رحیم یار خان، گورنمنٹ پرائمری سکول بستی مورن کی اپ گریڈیشن کا مسئلہ

**89: مخدوم سید احمد محمود**: کیا پر سکولز ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ پرائمری سکول بستی مورن تحصیل صادق آباد ضلع رحیم یار خان میں کافی عرصہ سے پرائمری سکول چلا آرہا ہے؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ مذکورہ سکول سے کئی کئی کلومیٹر دور تک کوئی مڈل اور ہائی سکول نہ ہے؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول اپ گریڈیشن کے معیار پر پورا اترتا ہے؟

(د) اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ سکول کو اپ گریڈ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں؟

(تاریخ وصولی 4 ستمبر 2008 تاریخ ترسیل 16 اکتوبر 2008)

### جواب

### وزیر سکولز ایجوکیشن

(الف) درست ہے۔

(ب) درست نہ ہے۔ مذکورہ سکول کے نزدیک تین کلومیٹر کے فاصلے پر گورنمنٹ ماڈل سکول صادق آباد، گورنمنٹ ہائی سکول اجمل باغ صادق آباد، پانچ کلومیٹر کے فاصلے پر گورنمنٹ مڈل سکول چک نمبر 145/پی اور گورنمنٹ ہائی سکول چندرامی واقع ہے۔

(ج) درست نہ ہے۔ مذکورہ سکول اپ گریڈیشن کے معیار پر پورا نہ اترتا ہے۔

(د) مذکورہ سکول کے طلبا کی تعداد اپ گریڈیشن کے معیار سے بہت کم ہے اس کے نزدیک ترین مڈل اور ہائی سکول پہلے سے موجود ہیں۔ لہذا مذکورہ سکول اپ گریڈیشن کے لئے موزوں نہ ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 31 جنوری 2009)

## پی پی 106 کے سکولوں کی تعداد و دیگر تفصیلات

**123: چودھری محمد اسد اللہ**: کیا وزیر سکولز ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) حلقہ پی پی 106 میں پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں کی تعداد کیا ہے؟

(ب) جو سکول ان میں سے اپ گریڈیشن کے معیار پر پورے اترتے ہیں کیا حکومت ان کو اپ گریڈ کرنے کا ارادہ رکھی ہے، اگر ہاں تو کب تک، اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں؟

(تاریخ وصولی 13 جنوری 2009 تاریخ ترسیل 23 فروری 2009)

### جواب

### وزیر سیکولز ایجوکیشن

(الف) حلقہ پی پی 106 میں پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں کی تعداد 327 جس کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

| | |
|---|---|
| ہائی سکول کی تعداد | 19 |
| مڈل سکول کی تعداد | 37 |
| پرائمری سکول کی تعداد | 271 |

(ب) ان سکولوں میں سے جو سکول اپ گریڈیشن کے معیار پر پورے اترتے ہیں انہیں اپ گریڈ کیا جا رہا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 جنوری 2010)

لاہور
مورخہ 25 جنوری 2010

ڈاکٹر ملک آفتاب مقبول جوئیہ
قائم مقام سیکرٹری